تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

July 22, 2024

پریس ریلیز

مصنوعی ذہانت اور مشین لرننگ کے موضوع پر جامعہ ملیہ اسلامیہ میں تین ہفتے کے مختصر مدتی پروگرام کا انعقاد

مصنوعی ذہانت (اے آئی) اور مشین لرننگ (ایم ایل) کے موضوع پر شعبہ کمپیوٹر انجینئرنگ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کا تین ہفتے کا مختصر مدتی پروگرام یکم جولائی تا انیس جولائی دو ہزار چوبیس کا کامیاب انعقاد عمل میں آیا۔

پروگرام کے کنوینر صدر شعبہ پروفیسر بشیر عالم اور پروگرام کے رابطہ کار ڈاکٹر سرفراز مسعود اور ڈاکٹر محمد عظیم الشان انصاری تھے۔ ملک بھر کے مختلف اداروں سے ایک سو اکیاون شرکا نے مذاکراتی پروگرام میں شرکت کی جس میں پچاس گھنٹے کا لیب اور تھیوری سیشن بھی رکھا گیا تھا۔

شعبہ کمپیوٹر انجینئرنگ کے ایپل لیپ میں اختتامی پروگرام رکھا گیا تھا۔ آئی پی ایس جناب سیٹھی ڈپٹی ڈائریکٹر جنرل این آئی سی حکومت اس اجلاس کے مہمان خصوصی تھے۔

جناب سیٹھی نے اپنی تقریر میں شرکا، بی ٹیک، ایم ٹیک، پی ایچ ڈی اسکالروں کے ساتھ ساتھ فیکلٹی اراکین کو ہیلتھ کیئر، تعلیم، زراعت، برقی حکمرانی اور عام شہریوں کی زندگی کو بہتر، محفوظ اور مزید سہولت بہم پہنچانے کے لیے اختراعی پہل والا اے آئی نظام اور اس کے اپلی کیشن کی بہترین کلاس کا ڈیزائن تیار کرنے کی تحریک دلائی۔

پروفیسر بشیر عالم نے ایس ٹی ٹی پی کے دوران دی گئی تربیت کا ایک خاکہ پیش کیا اور کہا کہ شرکا کو ڈاٹا ویزولائیزیشن، ٹیبلیو، پاور بی ون، پائیتھون، اے آئی، مشین لرننگ، ڈیپ لرننگ، کمپیوٹر وژن، این ایل پی، ایل ایل ایم اور ڈاٹا سائنس کے میدان میں مہارت بہم پہنچائی گئی۔

پروگرام کے مہمان خصوصی آئی پی ایس جناب سیٹھی اور صدر شعبہ پروفیسر بشیر عالم نے شرکائے پروگرام کو شرکت کی اسناد تقسیم کیں۔ شعبہ کمپیوٹر انجینئرنگ کے پروفیسر محمد امجد کے اظہار تشکر کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی